سوال

(55) قرآن خوانی مردہ کی طرف سے بخشوانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن خوانی مردہ کی طرف سے بخشوانا جائز ہے یا نہیں اس میں علماء کا اختلاف کیوں ہے۔؟ (عبداللہ مدنپورگیا)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض افعال کا ثبوت آپ ﷺ کے زمانہ میں ملتا ہے۔ جیسے میت کیطرف سے کنواں لگوانا یا روزہ رکھنا آئمہ سلف بعض تو انہی افعال تک محدود رکھتے ہیں۔ جن کا ثبوت ہے۔ اور بعض دیگر افعال کو بھی ان پر قیاس کر کے جائز بتاتے ہیں۔ قراءت قرآن انہی قیاسی مسائل میں سے ہے۔ امام ابو حنیفہ رحمة اللہ علیہ اور امام مالک رحمة اللہ علیہ کے یہی وجہ اختلاف ہے۔ خاکسار کے نزدیک بھی جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص53

محدث فتویٰ